سبق نمبر:11

گھریلو سامان

گھریلو ساز وسامان ایک قسم کے آلے ہوتے ہیں جو گھریلو کاموں میں تعاون فراہم کرتے ہیں- جیسے کھانا پکانا، صفائی ستھرائی، کھانے کی حفاظت وغیرہ۔ گھریلو ساز وسامان جیسے مکسی، واشنگ مشین، فرج، وغیرہ گھر میں رہنے والوں کے لئے کام آسان و بہتر بناتا ہے۔



کچن کا سامان: کچن کا سامان گھریلو سامان ہے جو باورچی خانے میں موجود ہوتا ہے- اور کھانا پکانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے- خواتین بہت ساری برقی چیزوں کا استعمال کرتی ہے جن سے کام میں آسانی ہوتی ہے- چند یہ ہیں: مکسی، گرائنڈر، الکٹریکل کوکر، الکٹریکل اسٹو، کافی میکر، بلینڈر، فوڈ پروسیر، الکٹریکل گرل، اوون، ٹوسٹر، سلاسر وغیرہ-

ٹھنڈا اور گرم: بہت سے گھریلو برقی آلات جو ٹھنڈک اور گرماہٹ دیتی ہیں ان کو کھانے کی اشیاء کو محفوظ رکھنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے- جیسے فرج، ترکاریوں، پھلوں اور دیگر اشیاء کو محفوظ رکھنے کیلئے استعمال کی جاتی ہے-

کچھ سامان حرارتی مقصد کے لئے استعمال ہوتے ہیں جیسے ہیٹر، گیزر، استری، وغیرہ . یہ سارے آلات آرام اور سکون کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔

لائٹنگ: روشی کے لئے بہت ساری اشیاء استعمال کی جاتی ہے- جب سورج کی روشنی دستیاب نہیں ہوتی ہے جیسے، بلبس، ٹیوب لائٹس، CFL اور LEDs وغیرہ-

سیکھنا کمانا اور مواصلات: ہر فرد روزمرہ زندگی میں کچھ سیکھنا چاہتا ہے۔ لیونگ، کمائی، مواصلات پیشہ ورانہ نمو اور ترقی کے لئے ہم کچھ برقی آلات کا استعمال کرتے ہیں۔ جیسے پیجر، موبائل، ٹیبس، واکی ٹاکی، وائرلیس سیٹس، لیپ ٹاپ، ڈسک ٹاپ انٹرنیٹ گیجٹس، روٹر، کمپیوٹر اور پرنٹر وغیرہ۔

میوزک اور انٹرٹینمنٹ: موسیقی اور تفریح ہماری زندگی کا ایک حصہ ہے۔ آرام اور سکون سے زندگی گذارنے کا موبائل، ٹیلی ویژن اور کمپیوٹر' کیمرا وغیرہ۔ یہ ساز وسامان ویبینارز (Webinars) اور ورچوئل میٹنگز (Virtual Meeting) انعقاد میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔

ورزش، صحت اور حفظان صحت: ہم اپنی صحت کے لئے بہت سارے بجلی کے ساز وسامان استعمال کرتے ہیں جیسے ٹریڈمل، ویکیوم کلیز ز، واٹر پیوریفایر، مچھر ریپلنٹ (Repelleants) ویپورائزرس، سوپنگ اور موپنگ اشیاء وغیرہ۔

غیر برقی گھریلو ساز وسامان:

غیر برقی آلات

دوسری ضروری اشیاء | کپڑے ایٹمس | پلاسٹک اور فائبر | شیشہ کی چیزیں | لکڑی کی چیزیں | دھاتی چیزیں | کچن ویر

باورچی خانہ اور پکانے کا سامان: کھانا پکانے کے لئے وسیع اقسام کے غیر بجلی ساز وسامان کی ضرورت ہوتی ہے جس میں دھات کی پلیٹیں، کوکر، پینس، ذخیرہ کرنے والے ڈبے، لکڑی سے بنی اشیاء، شیشہ اور فائبر اور مٹی کے برتن شامل ہیں۔

دھات کی اشیاء: آج کل مصنوعی دھاتی فرنیچر جیسے ٹیبل، کرسیاں، صوفہ، ہیڈس، پانی اسٹوریج یونٹ اور چھوٹے سیڑھی وغیرہ ہوتے ہیں۔

لکڑی کی اشیاء: لکڑی سے بنی اشیاء بروقت کے استعمال کے لئے بہترین ہیں ، جیسے میزیں، کرسیاں، صوفہ، کھانے کی میز، چارپائی، ڈریسنگ ٹیبل، چھوٹی سیڑھی وغیرہ۔

شیشے کی اشیاء: شیشے کی اشیاء کا استعمال حیثیت کی علامت ہے۔ شیشے کے سامان گھر میں استعمال ہوتے ہیں۔ ڈریسنگ ٹیبل، پیالے، بوتلیں، الماری اور شیشے وغیرہ۔

فائبر اور پلاسٹک کی اشیاء: عارضی اور آسانی سے چلنے والے مقصد کے لئے لوگ اس طرح کا فرنیچر جیسے کرسیاں، میزیں، بستر، پلیٹس واٹر اسٹوریج اور گلاسس۔

کپڑے کی اشیاء: کپڑے کی اشیاء آرام سے اور آرائشی مقصد کے لئے مفید ہیں۔ جیسے بستر، تکیے یا گری وغیرہ۔

گھر کی دوسری ضروریات: ان میں کپڑے کے تھیلے، ڈسٹ بن، واٹرکین، باغبانی کے آلات، ٹول کٹ، سینی ٹائزر، اسٹینڈ وغیرہ شامل ہیں۔

مکسی: مکر گرائنڈر ایک ایسی مشین ہے جس کی مدد سے ہماری بہت سی محنت اور وقت بچ جاتا ہے۔ اس کی مدد سے ہم بہت جلدی مصالحہ کوٹ سکتے ہیں۔ چٹنی بنا سکتے ہیں یہاں تک کے لسی بھی بنا سکتے ہیں۔ مکسر خاص طور پر دو طرح کے کام کرتے ہیں۔

1) سوکھی پسائی: اس میں سوکھی چیزوں کو پیسا جاتا ہے۔ جیسے مسالے، کافی کے بیج وغیرہ۔

2) گیلی پسائی: اس میں پسائی کرنے کے لئے کچھ مقدار پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ جیسے چٹنی، ملک شیک، لسی، مسالہ پیسٹ وغیرہ۔